**Press Release**
**May 27, 2017**
***A joint release of the SECP and SBP***

## SECP, SBP set up Council of Regulators to strengthen financial stability

ISLAMABAD, May 27: The State Bank of Pakistan (SBP) and the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) today (Friday) signed a letter of understanding (LOU) to establish the Council of Regulators to mitigate systemic risk. Mr. Riaz Riazuddin, Acting Governor, SBP, and Mr. Zafar Hijazi, the SECP Chairman, signed the letter in a ceremony held at the SECP's head office in Islamabad.

The Council will provide a forum for deliberating upon issues related to systemic risk, particularly those having cross-market and stability implications. It will suggest possible arrangements for crisis preparedness and come up with a coordinated response. The Council will comprise of top officials of the two regulators. The SBP will be represented by the Governor, a Deputy Governor, and an Executive Director. The SECP will be represented by the Chairman, a Commissioner, and an Executive Director.

The formation of the Council is aligned with international practices. Since the global financial crisis, maintaining financial stability has emerged as a key objective for central banks, financial regulatory authorities and respective governments. To keep pace with global developments and enhance focus on promoting and ensuring financial stability, both SBP and SECP have joined hands for strengthening financial system stability and managing systemic risk.

The SBP has identified strengthening of the financial stability regime as one of the key goals under the "SBP Vision 2020". Similarly, management of systemic risk has been set as a regulatory responsibility of the SECP under the SECP Act, 1997. The establishment of the Council will not only facilitate SBP and SECP in achieving their statutory and strategic objectives but also further enhance their collaboration for promoting the stability of the financial system in the country.

The Council is a significant step forward to bring Pakistan in line with developed countries in risk management and to protect the integrity of our financial system.

مالیاتی استحکام یقینی بنانے کے لئے ایس ای سی پی اور سٹیٹ بینک کے مابین مفاہمتی یاداشت پر دستخط

اسلام آباد(17 مئی ) سکیورٹیزاینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان اور سٹیٹ بینک کے مابین مفاہمت کی یاداشت پر دستخط کئے گئے ہیں۔اس مفاہمتی یاداشت کا مقصد مالیاتی نظام سے منسلک نظامی خطرات سے نمٹنے کے لئے بین الاقوامی معیارات کے مطابق کونسل آف ریگولیٹرز کا قیام ہے۔_ مفاہمتی یاداشت پر جمعہ کے روز ایس ای سی پی کے صدر دفتر میں منعقد ہونے والی تقریب میں ایس ای سی پی کے چیئرمین جناب ظفر حجازی اور سٹیٹ بینک کے قائم مقام گورنر ریاض ریاض الدین نے دستخط کئے۔

اس مفاہمتی یاداشت کے تحت قائم ہونے والی مجوزہ کونسل نظامی خطرات خاص طور پر کراس مارکیٹ اور مالیاتی نظام کے استحکام سے منسلک خطرات کے بارے میں غور وخوص کرنے کے لئے ایک پلیٹ فارم مہیا کرے گی۔یہ کونسل مالیاتی نظام کو کسی بھی طرح کے خطرات سے محفوظ رکھنے اور کسی بھی ہنگامی صورت حال سے نمٹنے کے لئے تجاویز اور سفارشات تیار کرے گی۔ مجوزہ کونسل سٹیٹ بینک کے گورنر، ڈپٹی گورنر، ایگزیکٹوڈائریکٹر اور ایس ای سی پی کے چیئرمین، متعلقہ کمشنر اور ایگزیکٹوڈائریکٹر پر مشتمل ہو گی۔

کونسل کا قیام بین الاقوامی عالمی تجربات اور معیارت کے عین مطابق ہے۔ عالمی مالیاتی بحران کے بعد سے مالیاتی نظام کا استحکام، مرکزی بینک، مالیاتی ریگولیٹر اور حکومت کی بنیادی ذمہ داری تصور کی جاتی ہے۔ عالمی حالات کے تناظر میں مالیاتی نظام کا استحکام یقینی بنانے کے لئے ایس ای سی پی اور سٹیٹ بینک نے نظامی خطرات سے نمٹنے کے لئے تعاون پر اتفاق کیا ہے۔سٹیٹ بینک آف پاکستان کے ویژن **2020** میں مالیاتی استحکام کو بنیادی اہمیت دی گئی ہے۔اسی طرح ایس ای سی پی ایکٹ **1997** کے تحت مالیاتی سسٹم کو نظامی خطرات سے محفوظ رکھنا اور ہنگامی صورت حال سے نمٹنا ایس ای سی پی کی ذمہ داری ہے۔اس کونسل کا قیام دونوں اداروں کو اپنی بنیادی فرائض کی ادائیگی میں سہولت فراہم کرے گا اور دونوں اداروں کی قریبی معاونت سے مالیاتی نظام کو مزید مستحکم و محفوظ بنایا جائے گا۔اس کونسل کے قیام سے پاکستان کا مالیاتی رسک مینجمنٹ کا نظام ترقی یافتہ ممالک میں رائج طریقوں کے مطابق ہو جائے گا اور نظام کو مزید مستحکم بنائے گا۔